خدام الاحمدیہ عثمان آباد، مہاراشٹر کی طرف سے وقارِ عمل کا انعقاد

خدام الاحمدیہ ریشی نگر، کشمیر کی طرف سے ”مسرور ٹرافی“ والی بال کا انعقاد

خدام الاحمدیہ کولگام زون اے، کشمیر کی طرف سے ڈسکشن پروگرام کا انعقاد

خدام الاحمدیہ کیرنگ، اوڈیشہ کی طرف سے فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد

”مسرور ٹرافی“ فٹبال ٹورنامنٹ خدام الاحمدیہ پتھاپریم، کیرالہ کی چند تصاویر

ماہنامہ   از قادیان دارالامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

مئی/2026ء

ذوالقعدہ،ذوالحجہ 1447 ہجری قمری

ہجرت،1405 ہجری شمسی

نگران

نیاز احمد نائک
صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نایک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر ،احسان علی اوکے
مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر ،مرشد احمد ڈار،
سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک
اندرون ملک: 220 روپیہ ،بیرون ملک:: 150 $
قیمت فی پرچہ :20 روپیہ

فہرست مضامین

اداریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 01/اگست 2025ء	5
خلافت احمدیہ: قدرت ثانیہ کا زندہ نشان	9
برکاتِ خلافت	13
گوشۂ ادب	21
بنیادی مسائل کے جوابات	22
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	23
Diary Dose	24
بزم اطفال	25
اعلانات	26
ملکی رپورٹس	27
Health & Fitness	28
سائنس کی دنیا	29
Khilafat: A beacon of Hope in this Warring Era	32
April Fool: A Sin or a Joke?	35
Summary of the Friday Sermon	40

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. Editor: Niyaz Ahmad Naik

وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰہِ جَمِیۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا۔ (آل عمران: ۱۰۴)

اور اللہ کی رسّی کو سب کے سب مضبوطی سے پکڑ لو اور تفرقہ نہ کرو۔

انسانیت اس وقت شدید انتشار، بے یقینی اور عدم تحفظ کا شکار ہے۔ مذہب، جو کہ انسانیت کو جوڑنے کا ذریعہ ہونا چاہیے تھا، بدقسمتی سے بہت سے مقامات پر تقسیم اور ٹکراؤ کا سبب بن چکا ہے۔ عالمی طاقتیں اپنے سیاسی اور معاشی مفادات کے حصول کے لیے کمزور اقوام کو کچل رہی ہیں، اور انصاف وامن محض نعرہ بن کر رہ گیا ہے۔

ایسے نازک اور پر آشوب دور میں یہ سوال انتہائی اہمیت اختیار کر جاتا ہے کہ انسانیت کی رہنمائی اور حقیقی فلاح کا راستہ کیا ہے؟ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ جب بھی دنیا انتشار کا شکار ہوئی، اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی رہنمائی کے لیے نظامِ خلافت کو قائم فرمایا۔ خلافت دراصل وہ الٰہی نظام ہے جو انسان کو خدا سے جوڑتا اور مخلوقِ خدا کے حقوق کی ادائیگی کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ یہی وہ مضبوط رسی (حبل اللہ) ہے جسے تھامنے سے اتحاد، امن اور ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔

اداریہ

دورِ حاضر میں خلافتِ احمدیہ اس الٰہی نظام کی ایک زندہ اور روشن مثال ہے۔ خلیفۃ المسیح نہ صرف روحانی سردار ہیں بلکہ وہ دنیاوی طاقتوں کو امن، محبت اور اخوت کا پیغام دے رہے ہیں۔ ان کی قیادت میں جماعت احمدیہ دنیا کے کونے کونے میں خدمتِ انسانیت، تعلیم، اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ میں مصروفِ عمل ہے۔

خصوصاً حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس دور میں امن کے سب سے بڑے داعی کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ آپ نے عالمی طاقتوں، سیاستدانوں اور لیڈرز کو بارہا توجہ دلائی ہے کہ اگر انصاف اور امن کو قائم نہ کیا گیا تو دنیا ایک ہولناک تباہی کی طرف بڑھ سکتی ہے۔ آپ کے خطابات، خطوط اور عالمی فورمز پر دیے گئے پیغامات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ آپ حقیقی معنوں میں انسانیت کے خیر خواہ ہیں۔

آج جبکہ دنیا کو ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر انسانیت کی بھلائی کے لیے کام کرے، خلافتِ احمدیہ ایک امید کی کرن بن کر ابھرتی ہے۔ یہ نظام نہ صرف روحانی سکون فراہم کرتا ہے بلکہ ایک عادلانہ اور پُرامن معاشرے کی بنیاد بھی رکھتا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام اپنے کلام میں فرماتے ہیں:

صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار

اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے والا بنائے اور دنیا خلافت کے پیغام کو سننے والی اور اس پر عمل پیرا ہونے والی ہو۔ آمین۔

اَلْقُرْاٰنُ الْکَرِیْمُ



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسۡتَخۡلِفَنَّہُمۡ فِی الۡاَرۡضِ کَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ (سورۃ نور آیت ۵۶)

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے اُن سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اُس نے اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا۔

یہ آیت ایک زبردست شہادت خلافت ِراشدہ پر ہے اور اس میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور احسان مسلمانوں میں خلافت کا نظام قائم کیا جائے گا جو مؤیّد من اللہ ہوگا۔۔۔۔ پھر اس آیت میں خلفاء کی علامات بھی بتائی گئی ہیں جن سے سچے اور جھوٹے میں فرق کیا جاسکتا ہے اور وہ یہ ہیں۔ اوّل۔ خلیفہ خدا بناتا ہے یعنی اس کے بنانے میں انسانی ہاتھ نہیں ہوتا نہ وہ خود خواہش کرتا ہے اور نہ کسی منصوبہ کے ذریعہ وہ خلیفہ ہوتا ہے۔ بلکہ بعض دفعہ تو ایسے حالات میں وہ خلیفہ بنتا ہے جبکہ اس کا خلیفہ ہونا بظاہر ناممکن سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ یہ الفاظ کہ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ خود ظاہر کرتے ہیں کہ خلیفہ خدا ہی بناتا ہے کیونکہ جو وعدہ کرتا ہے وہی دیتا بھی ہے۔۔۔۔ پس اس آیت میں پہلی بات یہ بتائی گئی ہے کہ سچے خلفاء کی آمد خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوگی کوئی شخص خلافت کی خواہش کر کے خلیفہ نہیں بن سکتا اور نہ کسی منصوبہ کے ماتحت خلیفہ بن سکتا ہے۔ خلیفہ وہی ہوگا جسے خدا بنانا چاہے گا بلکہ بسا اوقات وہ ایسے حالات میں خلیفہ ہوگا جبکہ دنیا اُس کے خلیفہ ہونے کو ناممکن خیال کرتی ہوگی۔

تفسیر کبیر جلد ۶ صفحہ ۳۷۰

إِنْفَاخُ النَّبِيِّ ﷺ

عَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمِ: تَکُوْنُ النُّبُوَّۃُ فِیکُمْ مَا شَاءَ اللّٰہُ أَنْ تَکُوْنَ، ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی، ثُمَّ تَکُوْنُ خِلَافَۃٌ عَلٰی مِنْھَاجِ النُّبُوَّۃِ مَا شَاءَ اللّٰہُ أَنْ تَکُوْنَ، ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی، ثُمَّ تَکُوْنُ مُلْکًا عَاضًا، فَتَکُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰہُ أَنْ تَکُوْنَ، ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی، ثُمَّ تَکُوْنُ مُلْکًا جَبْرِیَّۃً، فَیَکُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰہُ أَنْ یَکُوْنَ، ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی، ثُمَّ تَکُوْنُ خِلَافَۃٌ عَلٰی مِنْھَاجِ نُبُوَّۃٍ ثُمَّ سَکَتَ۔۔۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں نبوت اس وقت تک باقی رہے گی جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا۔ پھر خدا تعالیٰ نبوت کو اٹھالے گا اور پھر اس کے بعد نبوت کے طریق (منہاج) پر خلافت ہوگی اور وہ اس وقت تک باقی رہے گی جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا۔ پھر خدا تعالیٰ خلافت کو اٹھالے گا۔ پھر ایک کاٹنے (قتل وغارت) والی بادشاہت آئے گی اور وہ اس وقت تک باقی رہے گی جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا۔ پھر ایک جور و جبر والی بادشاہت ہوگی اور وہ اس وقت تک باقی رہے گی جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا۔ اس کے بعد پھر خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ پھر رسول اللہ ﷺ خاموش ہوگئے۔

(مسند احمد بن حنبل مسند الکوفیین حدیث نعمان بن بشیر و مشکوۃ المصابیح باب الانذار و التحذیر)

كَلَامُ الإِمَامِ المَهْدِيِّ ؑ

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’چونکہ آنحضرت ﷺ کی نبوت کا زمانہ قیامت تک ممتد ہے اور آپ خاتم الانبیاء ہیں اس لئے خدا نے یہ نہ چاہا کہ وحدت اقوامی آنحضرت ﷺ کی زندگی میں ہی کمال تک پہنچ جائے۔ کیونکہ یہ صورت آپؐ کے زمانہ کے خاتمہ پر دلالت کرتی تھی۔ یعنی شبہ گزرتا تھا کہ آپؐ کا زمانہ وہیں تک ختم ہو گیا کیونکہ جو آخری کام تھا وہ اس زمانہ میں انجام تک پہنچ گیا۔ اس لئے خدا نے تکمیل اس فعل کی جو تمام قومیں ایک قوم کی طرح بن جائیں اور ایک ہی مذہب پر ہو جائیں زمانہ محمدی کے آخری حصہ پر ڈال دی جو قرب قیامت کا زمانہ ہے اور اس کی تکمیل کے لئے اسی اُمّت میں سے ایک نائب مقرر کیا جو مسیح موعود کے نام سے موسوم ہے اور اس کا نام خاتم الخلفاء ہے۔‘‘

(چشمہ معرفت، روحانی خزائن جلد 23 ص 90)

امام وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

پھر اللہ تعالیٰ کا جماعت پر یہ بھی احسان ہے کہ اس نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعد نظام خلافت کو ہم میں قائم کیا اور خلافت کے نظام نے بھی اسی کام کو آگے بڑھانا ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سپرد اللہ تعالیٰ نے کیا تھا۔ اس حوالے سے خلافت کے ساتھ بھی اخلاص اور اطاعت کے تعلق کو جوڑ کر ہم اپنی منزلوں کی طرف سفر جاری رکھ سکتے ہیں۔ جو جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا سچے مسلمان کا نمونہ بننا اور اسلام کے پیغام کو دنیا میں پھیلانا ہے۔ خلیفۂ وقت کے ہاتھ پر بھی ہر احمدی عہد بیعت باندھتا ہے۔ پس اس عہد کو پورا کرنا بھی ضروری ہے اور اس کے لئے خلافت کی طرف سے جو ہدایات آتی ہیں، جو نصائح کی جاتی ہیں، جو پروگرام دیئے جاتے ہیں ان پر عمل کر کے ہی اس عہد کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

بیعت کے وقت ہر احمدی یہ عہد کرتا ہے کہ ان شرائط کی پابندی کرے گا جو بیعت کی شرائط ہیں اور خلیفۂ وقت جو بھی معروف فیصلہ کریں گے اس کی پابندی کرے گا اور جیسا کہ مَیں نے کہا خلیفۂ وقت کا کام بھی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کام اور آپ کی نصائح کو آگے پھیلانا ہے۔ اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے پہ پھیلانا ہے۔ پس جب ہر احمدی اس سوچ کے مطابق اپنے آپ کو بنائے گا تب ہی حقیقی اطاعت کے معیار قائم ہوں گے۔ تب ہی جماعت کی اِکائی قائم ہو گی۔ تب ہی تبلیغ کے میدان کھلیں گے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 09 ؍اکتوبر 2015ء)

خطبات و خطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۱؍اگست ۲۰۲۵ء بمطابق ۱۸؍وفا ۱۴۰۴ہجری شمسی بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یو کے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: گذشتہ اتوار کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ سالانہ یوکے اپنے اختتام کو پہنچا تھا، یہ تین دن بڑی برکتوں والے اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو دکھانے والے دن تھے، اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اُس نے ہمیں اِن تین دنوں میں اپنے بے شمار فضلوں سے نوازا اور جلسے کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمایا اور جلسہ بخیر و خوبی اختتام کو پہنچا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موسم بھی اچھا رہا اور تمام پروگرام بڑی خوش اسلوبی سے اختتام پذیر ہوئے۔

جلسے کی بنیادی کارروائی یعنی تقریروں اور دیگر پروگراموں کے علاوہ تبلیغی اور معلوماتی لحاظ سے مختلف شعبہ جات نے نمائشوں کی جو ترتیب دی ہوئی تھی، اِس کا بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے غیروں پر بہت اچھا اثر ہوا، اور احمدیوں کو بھی اکثر لوگوں کو اپنی معلومات میں مزید اضافے کی توفیق ملی۔ اِسی طرح ایم ٹی اے نے بھی جلسے کی کارروائی کے درمیانی وقفوں میں مختلف معلوماتی پروگرام دکھائے اور معلومات دیں، جن کا لوگوں پر بہت اچھا اثر ہوا، دوسرے ممالک میں بیٹھے ہوئے احمدیوں نے بھی اِسے بڑا پسند کیا کہ ہمیں بھی بہت سی نئی باتیں پتا لگیں اور اِسی طرح ایم ٹی اے نے اِس دفعہ دنیا کے تقریباً ۵۶؍ممالک میں ۱۱۹؍ مراکز کے ساتھ جلسے کو جوڑا۔ اِس رابطے کے ذریعے دونوں طرف سے لوگ ایک دوسرے کو دیکھ سکتے تھے، ہم یہاں سے اُنہیں دیکھ سکتے تھے اور وہ وہاں سے براہِ راست ہمیں دیکھ رہے تھے۔ محض ٹی وی کی نشریات نہیں تھیں، جو وہ سن رہے تھے، بلکہ براہِ راست رابطہ بھی تھا۔ جس کا بہت گہرا اور اچھا اثر ہوا۔ اِس اثر کو صرف یہاں موجود لوگوں نے ہی محسوس نہیں کیا، بلکہ مختلف ممالک میں بیٹھے جلسہ سننے والوں کے جذبات اور احساسات بھی یہی تھے کہ گویا وہ جلسہ گاہ کی مارکی میں ہی بیٹھے جلسہ سن رہے ہیں، ہزاروں میل دُور بیٹھے تھے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اِس ذریعے سے اُنہیں یوں جلسہ سننے کی توفیق عطا فرمائی کہ وہ خود کو وہیں حاضر محسوس کر رہے تھے۔ پس یہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں سے ایک بہت بڑا فضل ہے، جو اُس نے جماعتِ احمدیہ پر فرمایا ہے کہ ان نئی ایجادات کے ذریعے تمام دنیا کے احمدیوں کو اکٹھا کر دیا ہے، اُمّتِ واحدہ بننے کا یہ نظارہ دنیا میں اور کہیں نظر نہیں آتا۔

اِس دفعہ عمومی طور پر انتظامات بھی گذشتہ سالوں کی نسبت، اکثر لوگوں نے یہی کہا ہے کہ بہت بہتر تھے اور اکثر نے اِس کا اظہار کیا ہے، یہاں شامل ہونے والوں نے بھی اور ٹی وی پر مختلف ممالک میں پروگرام دیکھنے والوں نے بھی یہ کہا ہے۔ ایک خاص ماحول تھا اور یہ سب اللہ تعالیٰ کا ایک خاص فضل ہے، جو ہر ایک کو غیر معمولی طور پر محسوس ہو رہا تھا کہ جلسے پر اللہ تعالیٰ کی خاص برکات نازل ہو رہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم اُس کے شکر گزار بندے بنو، اور جب تم

شکر گزاری کرو گے، تو مَیں تمہیں اپنے فضلوں سے اور زیادہ نوازوں گا اور زیادہ فضل تم پر برساؤں گا۔ پس اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا مزید وارث بننے کے لیے شکر گزاری کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ بہت قدر دان اور جاننے والا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کے لیے شکر کا لفظ استعمال ہوتا ہے تو وہ قدر دانی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ شکر گزاروں کی قدر کرتا ہے۔ اور اِس قدر کے نتیجے میں پھر اللہ تعالیٰ اُن کو اور نوازتا چلا جاتا ہے۔

یہ صرف باتیں نہیں ہونی چاہئیں، بلکہ شکر گزاری کا ایک جذبہ ہونا چاہیے اور یہ جذبہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے جماعت میں بہت پیدا کیا ہوا ہے، اللہ تعالیٰ اِسے بڑھاتا چلا جائے۔

یہاں یہ بھی سب شامل ہونے والوں کو بات یاد رکھنی چاہیے کہ جہاں وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں، وہاں کام کرنے والے کارکنان کا بھی شکریہ ادا کریں۔ اِس بات پر شکر کریں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے کام کرنے والوں کے کاموں میں آسانیاں پیدا کیں، اُن کی مشکلات کو دُور کیا، اُن کے ہر کام میں بہتری پیدا کی اور اُنہیں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی خدمت کرنے کی توفیق دی اور اِس طرح شاملین کے لیے سہولت کے زیادہ بہتر سامان میسر ہوئے۔

اِس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے جیسا کہ پہلے مَیں نے جلسے کے آخری دن بتایا تھا کہ ۴۶/ ہزار سے اوپر حاضری تھی۔ لجنہ کی بعد کی جو رپورٹ ہے، اُس کے اندازے کے مطابق، اُن کی گنتی صحیح طرح شمار نہیں ہوئی جو اُنہوں نے بعد میں اپنی گنتی کی رپورٹ بھیجی ہے اُس کو شامل کیا جائے تو مردوں اور عورتوں کو ملا کر کُل تعداد ۵۰/ ہزار بن جاتی ہے۔ کیونکہ وہ کہتی ہیں کہ ہم ۲۵/ ہزار تھیں۔

پس ان ۵۰/ ہزار شامل ہونے والے لوگوں کو شکر گزار ہونا چاہیے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے کام کرنے والوں کے ذریعے اُن کے لیے آسانیاں پیدا کیں، اُنہیں ٹرانسپورٹ کے معاملے میں دقّت پیدا نہیں ہوئی، کھانے کے معاملے میں دقّت پیدا نہیں ہوئی اور جلسے کے پروگرام سننے کے معاملے میں کوئی دقّت پیدا نہیں ہوئی اور اِن کی دیگر مختلف ضروریات پوری ہوتی رہیں۔

پس یہ سارے کام، جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوئے، اِس پر ہمارا کوئی کمال نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ اس پر جہاں کام کرنے والے شکر گزار ہوں، وہ یہ بھی شکر گزاری کریں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں توفیق دی اور ہمارے کاموں کے بہتر نتائج فرمائے وہاں شامل ہونے والوں کو بھی شکر گزار ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے کس طرح سامان مہیا فرمائے کہ بے شمار لوگوں نے جو مختلف طبقوں اور مختلف تعلیمی معیاروں سے تعلق رکھتے تھے، سب نے رات دن ایک کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر رضا کارانہ طور پر اپنی ڈیوٹیاں دیں۔ اِسی طرح کینیڈا اور آسٹریلیا سے بھی خدام بڑی تعداد میں آئے ہوئے تھے، انہوں نے جلسے سے پہلے بھی جلسے کے کام میں مدد کی، جلسے کے دوران میں بھی اور بعد میں بھی وائنڈ اَپ میں مدد کر رہے ہیں، تو اللہ تعالیٰ اِن سب کو بھی جزا دے۔

ایک حدیثِ قدسی کی روشنی میں حضورِ انور نے توجہ دلائی کہ اللہ تعالیٰ تو اپنے بندوں کے اُن کاموں کی اِس قدر، قدر کرتا ہے، جو اُس کی خاطر کیے جا رہے ہوں کہ فرماتا ہے کہ اُن کا شکریہ ادا کرو۔ اور ہم سے بھی یہی چاہتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بندوں کے شکر گزار بنیں تاکہ پھر ایک ایسا ماحول پیدا ہو، جو مکمل طور پر شکر گزاری کا ماحول ہو، جس میں ہر طرف سے شکر گزاری ہو رہی ہو۔ اور یہی چیز ہمیں ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ جو تاثرات مجھے ملے ہیں، ایک نہیں، بلکہ کئی تاثرات ایسے ہیں۔ یہاں آئے ہوئے مہمانوں کے کہ ہم نے مختلف کام کرنے والوں سے پوچھا کہ آپ کیا کام کرتے ہیں، ہمارا خیال تھا کہ شاید وہ کوئی مزدوری وغیرہ کرتے ہوں گے، جس طرح وہ کام کر رہے ہیں، کسی نے بتایا کہ مَیں ایک فرم میں افسر ہوں، کسی نے بتایا کہ مَیں پڑھاتا ہوں، کسی نے کہا کہ مَیں پی ایچ ڈی کا طالب علم ہوں، کسی نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔ تو اِس طرح کا جذبہ رکھنے والے موجود ہیں، جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کے لیے اور اللہ تعالیٰ کی رضا

حاصل کرنے کے لیے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔

یہاں غیر بھی آتے ہیں، مختلف ممالک سے ایسے لوگ آتے ہیں کہ جن کا جماعت سے ابتدائی تعارف ہوتا ہے اور وہ یہ دیکھنے آرہے ہوتے ہیں کہ کیا واقعی یہ لوگ وہی ہیں جو یہ کہتے ہیں؟ اور جب وہ اِن کارکنوں کو، جو مختلف پیشوں سے تعلق رکھتے ہیں، اِس طرح کام کرتے دیکھتے ہیں اور ہر ایک عام مزدوروں والا کام کر رہا ہوتا ہے، تو اِن کو دیکھ کر اِن پر بڑا اثر ہوتا ہے، ایک خاموش تبلیغ ہے، جس کا وہ اظہار بھی کر دیتے ہیں۔

اس طرح جو نئے آنے والے یعنی جماعت میں شامل ہونے والے ہیں یا وہ جو پہلی دفعہ یہاں آتے ہیں، تو اِن کی بھی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ وہ دیکھتے ہیں کہ کس طرح عزت و احترام سے اُن کی مہمان نوازی کی جارہی ہے کس طرح اِن لوگوں سے یہاں کے لوگ پیش آ رہے ہیں، پس یہ بہت اہم چیز ہے اور اِس پر ہم سب کو اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

بعد ازاں حضور انور نے اس تناظر میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے غیر از جماعت مہمانوں اور بعض نومبائعین کی جلسہ سالانہ میں شرکت کا ذکر فرمایا، اور خدا تعالیٰ کے فضل سے جلسے کی برکات کے نتیجے میں اُن پر مرتّب ہونے والے نیک اثرات کا تذکرہ کرتے ہوئے متعدد ایمان افروز واقعات بیان فرمائے۔

روڈرک آئرلینڈ کی پولیس فورس کے اسسٹنٹ کمشنر یہاں آئے ہوئے تھے، کہتے ہیں کہ مَیں نے پولیس کمشنر اور ڈویژنل کمانڈر کی حیثیت سے بہت سی سرکاری اور سماجی تقریبات میں حصّہ لیا ہے، لیکن جلسے کے دنوں میں مَیں نے جو دیکھا ہے، وہ ایک واقعی مثالی چیز تھی، تنظیم اور نظم وضبط کا ایک انمول سبق تھا۔ دس ہزار رضا کاروں کی موجودگی ایک عجیب معجزہ تھا۔ ہر کسی نے بے مثال لگن کے ساتھ شانہ بشانہ خدمت کی۔ مَیں نے ایک رضا کار کو دیکھا، اگرچہ پٹی میں لپٹا ہوا اُس کا ہاتھ زخمی تھا، لیکن مسکراہٹ کے ساتھ دوسروں کی خدمت کر رہا تھا۔

بیلجیم کے ایک مہمان جو کہ انسانی حقوق کی تنظیم ایچ آر ڈبلیو ایف کے نمائندے ہیں، جلسے میں شامل ہوئے، کہتے ہیں کہ ایک غیر معمولی اجتماع کا حصّہ بننا میرے لیے حقیقی خوشی تھی۔ یہ محض ایک یادگار تجربہ ہی نہیں، بلکہ آپ کی گرمجوشی اور عمدہ مہمان نوازی کے باعث، یہ گہرے اثرات چھوڑنے والا تجربہ بن گیا ہے۔ اتنے بڑے پیمانے پر ایک اجتماع کا انتظام، جس میں ہزاروں افراد کئی دنوں تک شریک رہے، یقیناً ایک غیر معمولی کامیابی ہے۔ رضا کاروں سے گفتگو کے دوران مجھے معلوم ہوا کہ کس طرح ہر شعبہ کئی مہینے قبل سے تیاری کا آغاز کرتا ہے، ذمہ داریاں تفویض کی جاتی ہیں اور افراد کو نہایت واضح طریقہ سے تربیت دی جاتی ہے۔ مجھے صرف انتظامی مہارت نہیں بلکہ اِس کے پیچھے موجود اخلاقی بنیاد بھی متاثرکُن لگی۔

بلغاریہ سے ایک نومبائعہ کہتی ہیں کہ مَیں اپنے گھر میں اکیلی احمدی ہوں، مَیں نے احمدیت کو بہت گہرائی سے پڑھا اور تین سال کی تحقیق کے بعد قبول کیا، یہ میرا یوکے کا پہلا جلسہ ہے۔ یہ ایک نہایت روحانی جلسہ تھا۔ اگرچہ مَیں طویل عرصے سے اِس موقعے کا انتظار کر رہی تھی کہ یوکے کا جلسہ خود دیکھوں، جو کہ یہاں کا سب سے بڑا جلسہ ہے، کیونکہ خلیفۃ المسیح اِس میں شامل ہوتے ہیں اور خطاب بھی کرتے ہیں۔ کہتی ہیں کہ اِن بابرکت دنوں کے دوران مَیں نے ایک بے مثال روحانی فضا کو محسوس کیا اور اِس کا حصّہ بننے کی توفیق پائی۔ خدا کے فدائیوں کے درمیان رہ کر میرا اپنا تعلق بھی خدا تعالیٰ سے اور مضبوط ہوا، بھائی چارے کا جذبہ اور اعلیٰ اخلاق اور روحانی معیار، جو ہر پہلو میں نظر آیا میرے دل پر گہرا اثر چھوڑ گیا۔

میرا تجربہ نہایت شاندار رہا اور بہت متاثرکُن تھا کہ کس طرح باریک بینی سے مہمانوں کی سہولت اور آرام کا خیال رکھا گیا۔ میرے لیے سب سے زیادہ اثر انگیز لمحہ وہ تھا جب خلیفۃ المسیح کا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد کے بارے میں خطاب ہوا جس کا وعدہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ اگرچہ مَیں اِس موضوع پر پہلے بھی غور کر چکی تھی، لیکن خلیفۂ وقت کے الفاظ نے مجھے نئی بصیرت دی ہے اور مجھے نئے زاویے دکھائے ہیں، جو پہلے میرے سامنے نہیں آئے تھے۔

جارجیا سے ایک مہمان کہتے ہیں کہ جلسے کا پُرامن ماحول، تقاریر اور خلیفہ کے خطابات، روحانیت میں آگے بڑھانے میں بہت بڑا کردار ادا کرتے ہیں اور جمعے کا خطبہ مجھے بڑا اچھا لگا، جس میں مہمان نوازی کے بارے میں اسلامی تعلیمات کے حوالے سے بتایا گیا۔ اور اِسی طرح خلیفہ ٔ وقت کا عورتوں کا خطاب بھی مجھے بہت اچھا لگا، میرے پر اِس کا بڑا اثر ہوا۔ اور پھر بیعت کا نظارہ، اِس نے مجھے بڑا متاثر کیا۔

ایک عرب سویڈن سے آئی ہیں، کہتی ہیں کہ جلسہ سالانہ ایک وسیع گھر کی مانند ہے جو کہ پوری فیملی کو اپنے اندر سمو لیتا ہے۔ سویڈن میں بہت ہی محدود عرب احمدی ہیں۔ جبکہ جلسہ سالانہ پر جب عرب ٹینٹ کا نام سنتے ہیں، تو ایک عجیب سکون اور اپنائیت کا احساس ہوتا ہے، اور پھر دیگر عرب بہنوں اور بھائیوں سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔

متفرق ایمان افروز تاثرات بیان کرنے کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سب مہمانوں کے جو شامل ہوئے ہیں مزید سینے کھولے اور وہ احمدیت اور حقیقی اسلام کو سمجھنے والے اور زمانے کے امام کو ماننے والے بھی بنیں۔ نومبائعین کو بھی ایمان اور اخلاص میں بڑھاتا رہے۔ اِسی طرح ہر احمدی کو بھی توفیق دے کہ جلسے پر جو اُنہوں نے پروگرام دیکھے، سنے، اِس پر عمل کرنے والے ہوں، اُسے اپنی زندگیوں کا حصّہ بنانے والے ہوں، دین کو دنیا پر مقدّم کرنے والے ہوں اور یہ جذبہ ہمیشہ قائم رہے۔ جلسہ کی برکات سے ہر احمدی ہمیشہ حصّہ لیتا رہے۔ اور اپنے نفس اور اپنے ماحول کی اصلاح کے لیے بھی بھرپور کوشش کرنے والے ہوں۔

بعد ازاں حضور انور نے فرمایا کہ اِس بارے میں پریس وغیرہ کی رپورٹ بھی مختصر دے دوں۔

جماعتی پریس اینڈ میڈیا سیکشن نے بھی جو کام کیا ہے، اُس کے تحت بھی، آن لائن ویب سائٹ پر تقریباً ۵۰/ ملین لوگوں نے دیکھا۔ ۴۹/ کے قریب ویب سائٹس ہیں۔ پرنٹ میڈیا، اخبارات ہیں، ۱۷/ آرٹیکل شائع ہوئے۔ ۲۰/ ملین لوگوں نے دیکھا اور پڑھا۔ ریڈیو پر ۲۵/ پروگراموں نے جلسے کو کور کیا اور سننے والوں کی تعداد ۲۰/ ملین تھی۔ ٹی وی پر جلسے کو کوریج دی گئی۔ ٹی وی چینلز کو ۵/ ملین کے قریب دیکھنے والے ہیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے سے ۱۴/ ملین تک یہ خبر گئی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب کو ملایا جائے تو ۱۰۰/ ملین لوگوں تک یہ خبر پہنچی۔ ایم ٹی اے افریقہ کے ذریعے سے مختلف چینل پر میرے خطابات نشر ہوتے رہے اور ۵۰/ سے زائد احباب نے جلسہ سالانہ کی نشریات دیکھنے کے بعد بیعت بھی کی۔ جلسہ سالانہ کی نشریات ۲۲/ نیشنل اور ریجنل ٹی وی چینلز پر ہوئیں، ۳۰۴/ گھنٹے کی نشریات ہوئیں اور ۶۵/ ملین لوگوں تک پیغام پہنچا۔

جلسے کے متعلق ریڈیو سٹیشنز پر ۹۱/ مختلف رپورٹس نشر ہوئیں، ۱۶/ ملین تک اِس ذریعے سے پیغام پہنچا۔ اور کہتے ہیں کہ میڈیا آؤٹ لیٹس دوسرے مختلف ذریعے سے ۴۷/ خبریں نشر ہوئیں اور اِس پر ۱۵۰/ ملین لوگوں تک پیغام پہنچا۔

خطبہ ثانیہ سے قبل حضور انور نے فرمایا کہ نماز کے بعد مَیں ایک جنازہ غائب بھی پڑھاؤں گا۔ یہ مکرم عبد الکریم جمال جودۃ صاحب غزہ فلسطین کا ہے۔ گذشتہ دنوں اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے شہید ہوگئے تھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کے بھائی کہتے ہیں کہ اِن کی عمر ۴۵/ سال تھی۔ شادی شدہ تھے۔ چار بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں۔ سب سے بڑے بیٹے کی عمر ۱۶/ سال ہے۔ سب سے چھوٹے بچے کی عمر اڑھائی سال ہے۔



’’سوائے عزیزو! جب کہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اُس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا۔‘‘

(روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۳۰۵)

خلافت احمدیہ: قدرتِ ثانیہ کا زندہ نشان

جب آسمانِ ہدایت کے بدرِ منیر، حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیاتِ مبارکہ اپنے اختتامی ایام کے قریب پہنچی، تو قدرتِ حق نے آپؑ کو بار بار انتباہ کرنا شروع کیا کہ اب اس فانی دنیا سے کوچ کا وقت قریب ہے۔ یہ وہ گھڑی تھی جب آپؑ نے محسوس فرمایا کہ جماعتِ احمدیہ کو ایک ایسی مضبوط بنیاد اور ہمہ گیر نظام کی ضرورت ہے جو آپؑ کے بعد مومنین کے دلوں کو ڈھارس دے سکے اور انہیں تفرقے کے خوف سے بچا کر امنِ دائمی کی راہ دکھائے۔

جب آپ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر اپنی موت کا وقت قریب بتایا تو ان کلمات نے جہاں ایک طرف جدائی کے غم کی لہر پیدا کی، وہاں دوسری طرف ایک عظیم الشان مستقبل کی نوید بھی سنائی۔ اسی تناظر میں آپؑ نے اپنی معرکہ آرا تصنیف ’’الوصیت‘‘ تحریر فرمائی، جو درحقیقت جماعتِ احمدیہ کے لیے ایک ’’چارٹر آف پیس‘‘ (امن کا منشور) ثابت ہوئی۔



الوصیت

قدرتِ ثانیہ کا وعدہ اور خوف کا ازالہ

حضرت مسیح موعودؑ نے ''الوصیت'' کے آغاز میں ہی جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے وہ تاریخی حقیقت بیان فرمائی جو انبیاء کی تاریخ کا خاصہ رہی ہے۔ آپؑ نے تحریر فرمایا:

''خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے۔ اول ایک قدرت انبیاء کے ہاتھ سے... دوسری قدرت اس وقت آتی ہے جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات پیش آتی ہیں اور دشمن زور پکڑتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا... تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔''

(الوصیت، روحانی خزائن جلد ۲۰، صفحہ ۳۰۴-۳۰۵)

آپؑ نے ''الوصیت'' میں قرآن کریم کی روشنی میں یہ دلیل پیش کی کہ جس طرح آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد صحابہؓ پر ایک خوفناک لرزہ طاری تھا اور دشمنوں نے یہ سمجھ لیا تھا کہ اسلام کا چراغ گل ہو جائے گا، تب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کو کھڑا کر کے اس خوف کو امن میں بدلا۔

خلافتِ اولیٰ

(۱۹۰۸-۱۹۱۴)

اتحاد کا معجزہ اور پہلا امن

۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کو جب حضرت مسیح موعودؑ کا وصال ہوا، تو جماعتِ احمدیہ پر خوف کا وہ پہاڑ ٹوٹا جس کا ذکر ''الوصیت'' میں کیا گیا تھا۔ دشمنوں نے خوشیاں منائیں کہ اب یہ تحریک ختم ہو جائے گی، لیکن ۲۷ مئی کو جب حضرت حافظ حاجی حکیم مولانا نور الدین صاحبؓ کے ہاتھ پر تمام جماعت نے بیعت کی، تو وہ سارا خوف ایک دم سکینت اور امن میں بدل گیا۔

مرکزیت کا قیام: آپؓ نے جماعت کو ایک لڑی میں پرو دیا اور کسی بھی تفرقے کو سر نہ اٹھانے دیا۔

قرآنی علوم کی اشاعت: آپؓ نے درسِ قرآن کے ذریعے مومنین کے دلوں کو وہ روحانی غذا دی جس نے انہیں ہر بیرونی خطرے سے بے خوف کر دیا۔

تبلیغ کا تسلسل: پہلا غیر ملکی مشن (لندن) اسی دور میں قائم ہوا، جس نے دکھایا کہ مسیحؑ کا مشن اب رکنے والا نہیں۔

خلافتِ ثانیہ

(۱۹۱۴-۱۹۶۵)

تنظیمی استحکام

حضرت خلیفہ اولؓ کی وفات کے بعد ایک مرتبہ پھر شدید ابتلاء کا دور آیا۔ ایک گروہ نے خلافت کا انکار کر دیا، جس سے جماعت کے وجود کو خطرہ لاحق ہوا۔ اس نازک موڑ پر حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد

صاحبؓ (مصلح موعود) کا انتخاب خدا کی قدرتِ ثانیہ کا ایک عظیم الشان ظہور تھا۔ آپؓ کا ۵۲ سالہ طویل دورِ خلافت ''خوف سے امن'' کی ایک مفصل داستان ہے:

نظامِ جماعت: آپؓ نے مجلسِ شوریٰ، لجنہ اماء اللہ اور خدام الاحمدیہ جیسے ذیلی ادارے بنا کر ہر فرد کو قلعۂ خلافت میں پناہ دی۔

ہجرتِ پاکستان (۱۹۴۷): تقسیمِ ہند کے وقت جب قادیان چھوڑنا پڑا، تو وہ احمدیوں کے لیے ہجرتِ مدینہ جیسی کیفیت تھی۔ آپؓ نے ''ربوہ'' جیسا شہر بسا کر بے گھر احمدیوں کو ایک نیا مرکز اور امن کا گہوارہ عطا کیا۔

تحریکِ جدید: اس اسکیم کے ذریعے آپؓ نے دنیا کے ہر براعظم میں اسلام کا جھنڈا گاڑ دیا اور دشمنوں کی اس امید کو کہ احمدیت مٹ جائے گی، ہمیشہ کے لیے دفن کر دیا۔

خلافتِ ثالثہ

(۱۹۶۵—۱۹۸۲)

استقامت و عالمی برادری میں شناخت

حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحبؒ کی خلافت کا دور آزمائشوں اور فتوحات کا امتزاج تھا۔ ۱۹۷۴ء میں جب پاکستان میں جماعت کو سرکاری طور پر غیر مسلم قرار دیا گیا اور ملک بھر میں احمدیوں کی جان و مال پر حملے ہوئے، تو وہ شدید خوف کا وقت تھا۔ اس کٹھن گھڑی میں خلیفہ وقت نے:

صبر اور دعا کی تلقین: آپؒ نے جماعت کو مشتعل ہونے کے بجائے دعا اور استقامت کی راہ دکھائی، جس سے دشمن کی ہر چال ناکام ہوگئی۔

افریقہ میں خدمتِ انسانیت: ''نصرت جہاں اسکیم'' کے ذریعے افریقہ کے غریب علاقوں میں ہسپتال اور اسکول کھول کر اسلام کا رحیمانہ چہرہ دکھایا۔

محبت سب کے لیے، نفرت کسی سے نہیں: آپؒ نے یہ سنہری اصول دیا جو آج عالمی سطح پر احمدیت کی پہچان بن چکا ہے اور ہر قسم کے تعصب کے خوف کو ختم کرتا ہے

خلافتِ رابعہ

(۱۹۸۲—۲۰۰۳)

عالمگیر وسعت و مواصلاتی انقلاب

حضرت مرزا طاہر احمد صاحبؒ کا دورِ خلافت جہاں شدید آزمائشوں کا وقت تھا، وہیں نصرتِ الٰہی کے عظیم الشان ظہور کا آئینہ دار بھی تھا۔ جب پاکستان میں ''امتناعِ احمدیت آرڈیننس'' کے ذریعے جماعت پر پابندیاں لگائی گئیں، تو اللہ تعالیٰ نے خلافت کو لندن ہجرت کرنے کی راہ دکھائی۔ یہ بظاہر ایک کٹھن وقت تھا، لیکن درحقیقت اسی ہجرت نے احمدیت کے پیغام کو عالمی سطح پر پھیلانے کا نیا راستہ کھول دیا۔ اسی دور میں ایم ٹی اے (MTA) کا وہ عظیم الشان معجزہ رونما ہوا جس نے خلافت کی آواز کو دنیا کے چپے چپے تک پہنچا دیا اور ثابت کر دیا کہ کوئی بھی دنیاوی طاقت خدا کے نور کو پھیلنے سے نہیں روک سکتی۔



خلافتِ خامسہ

(۲۰۰۳ تا حال)

امنِ عالم کا سفیر

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب (ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کا دورِ خلافت ہم سب کی آنکھوں کے سامنے ہے۔ آج جب دنیا

ایٹمی جنگ اور تباہی کے دہانے پر کھڑی خوفزدہ ہے، حضورِ انور ایک مسیحا بن کر عالمی لیڈروں کو عدل اور حقیقی امن کی طرف بلا رہے ہیں۔ آپ کی قیادت میں جماعت نے دنیا کے کونے کونے میں مساجد، سکول اور ہسپتال قائم کر کے اسلام کی عملی خوبصورتی پیش کی ہے۔ حضورِ انور کی ہر بات میں انسانیت کا درد اور اسلام کی تڑپ جھلکتی ہے۔

خلافتِ احمدیہ محض ایک انتظامی عہدہ نہیں بلکہ ایک ایسا روحانی رشتہ ہے جس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ ایک احمدی چاہے دنیا کے کسی بھی کونے میں ہو، جب وہ اپنے خلیفہ کو خط لکھتا ہے یا ملاقات کرتا ہے، تو اسے وہ سکون اور ڈھارس ملتی ہے جو ایک باپ کی شفقت سے بھی بڑھ کر ہوتی ہے۔

پیار اور دعائیں: خلیفہ وقت کا ہر لمحہ اپنی جماعت کے لیے دعاؤں میں گزرتا ہے۔ بیماری ہو یا پریشانی، مومن کا دل اس بات سے پرامن رہتا ہے کہ میرا امام میرے لیے دعاگو ہے۔

برکات: خلافت کی برکت سے ہی آج احمدیت تفرقے سے پاک ہے، اس کے زیرِ سایہ نسلوں کی تربیت ہو رہی ہے اور لاکھوں نفوس ایک ہاتھ پر متحد ہو کر خدا کی توحید پھیلا رہے ہیں.

خلافتِ احمدیہ وہ قلعہ ہے جہاں ہر خوف داخل ہوتے ہی امن میں بدل جاتا ہے۔ رسالہ ''الوصیت'' میں جس ''قدرتِ ثانیہ'' کا وعدہ کیا گیا تھا، وہ آج اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ ہمیں فیضیاب کر رہی ہے۔ یہ وہی دائمی سلسلہ ہے جس نے قیامت تک سچائی کی شمع کو روشن رکھنا ہے اور بنی نوع انسان کو امن و سلامتی کی آغوش میں لانا ہے۔

خلافت ہے انعام آسمانی
خلافت ہی نظام معتبر ہے
خلافت سے مقدر دیں کا غلبہ
اسی کے ساتھ ہی فتح و ظفر ہے





برکات خلافت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

کے ارشادات کی روشنی میں

ریحان احمد شیخ مربی سلسلہ شعبہ تاریخ احمدیت قادیان

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسۡتَخۡلِفَنَّہُمۡ فِی الۡاَرۡضِ کَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ۪ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَہُمۡ دِیۡنَہُمُ الَّذِی ارۡتَضٰی لَہُمۡ وَلَیُبَدِّلَنَّہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِہِمۡ اَمۡنًا ؕ یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ لَا یُشۡرِکُوۡنَ بِیۡ شَیۡئًا ؕ وَمَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ (النور آیت 56)

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اُن سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اُس نے اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور اُن کے لئے اُن کے دین کو، جو اُس نے اُن کے لئے پسند کیا، ضرور تمکنت عطا کرے گا اور اُن کی خوف کی حالت کے بعد ضرور اُنہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ اور جو اُس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اور محض اپنے فضل سے حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت میں شامل لوگوں کی، حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد، خوف کی حالت کو امن میں بدلا۔ اور اپنے وعدوں کے مطابق جماعت احمدیہ کو تمکنت عطا فرمائی یعنی اس شان اور مضبوطی کو قائم رکھا جو پہلے تھی۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنی فعلی شہادت سے یہ ثابت کر دیا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے وہی خلیفۃ اللہ تھے جس نے چودھویں صدی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری ہوئی شریعت کو دوبارہ دنیا میں قائم کرنا تھا اور آپؑ کے بعد پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کے مطابق آپ کا سلسلۂ خلافت تا قیامت جاری رہنا تھا۔

تمکین خلافت

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیان فرماتے ہیں کہ

افریقہ کے دورے میں گزشتہ سال کی طرح اس دفعہ بھی مختلف ملکوں میں جا کر میں نے احمدیوں کے اخلاص و وفا کے جو نظارے دیکھے ہیں ان کی ایک تفصیل ہے۔ بعض محسوس کئے جا سکتے ہیں، بیان نہیں کئے جا سکتے۔ تنزانیہ کے ایک دور دراز علاقے میں جہاں سڑکیں اتنی خراب ہیں کہ ایک شہر سے دوسرے شہر تک پہنچنے میں چھ سات سو کلو میٹر کا سفر بعض دفعہ آٹھ دس دن میں طے ہوتا ہے۔ ہم اس علاقہ کے ایک نسبتاً بڑے قصبے میں جہاں چھوٹا سا ایئر پورٹ ہے، چھوٹے جہاز کے ذریعہ سے گئے تھے تو وہاں لوگ ارد گرد سے بھی ملنے کے لئے آئے ہوئے تھے۔ ان میں جوش قابل دید تھا۔ بہت جگہوں پر وہاں ایم ٹی اے کی

سہولت بھی نہیں ہے۔ اس لئے یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ ایم ٹی اے دیکھ کر اور تصویریں دیکھ کر یہ تعلق پیدا ہوگیا تھا۔ یہ جوش بتاتا تھا کہ خلافت سے ان نیک عمل کرنے والوں کو ایک خاص پیار اور تعلق ہے۔جن سے مصافحے ہوئے ان کے جذبات کو بیان کرنا بھی میرے لئے مشکل ہے۔ ایک مثال دیتا ہوں۔مصافحے کے لئے لوگ لائن میں تھے ایک شخص نے ہاتھ بڑھایا اور ساتھ ہی جذبات سے مغلوب ہوکر رونا شروع کر دیا۔کیا یہ تعلق، یہ محبت کا اظہار، ملوک یا بادشاہوں کے ساتھ ہوتا ہے یا خدا کی طرف سے دلوں میں پیدا کیا جاتا ہے۔

ایک صاحب پرانے احمدی جو فالج کی وجہ سے بہت بیمار تھے، ضد کرکے 40-50 کلومیٹر یا میل کا فاصلہ طے کرکے مجھ سے ملنے کے لئے آئے۔ اور فالج سے ان کے ہاتھ مڑ گئے تھے، ان مڑے ہوئے ہاتھوں سے اس مضبوطی سے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا کہ مجھے لگا کہ جس طرح شکنجے میں ہاتھ آ گیا ہے۔کیا اتنا تردد کوئی دنیا داری کے لئے کرتا ہے۔غرض کہ جذبات کی مختلف کیفیات تھیں۔ یہی حال کینیا کے دور دراز کے علاقوں کے احمدیوں میں تھا اور یہی جذبات یوگنڈا کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے احمدیوں کے تھے۔ جو رپورٹس شائع ہوں گی ان کو پڑھ لیں خود ہی پتہ چل جائے گا کہ خلافت کے لئے لوگوں میں کس قدر اخلاص ہے۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ یہی نیک عمل اور اخلاص جماعت احمدیہ میں ہمیشہ استحکام اور قیام خلافت کا باعث بنتا چلا جائے گا۔

(خطبہ جمعہ 27/ مئی 2005ء الفضل انٹرنیشنل 10/ جون 2005ء صفحہ 7)

آج جماعت احمدیہ کی تاریخ گواہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ فرمایا ہے، جو پیشگوئی فرمائی ہے، جس کا اعلان زمانے کے امام کے ذریعہ سے کروایا وہ ہر آن اور ہر لحہ ایک نئی شان سے پورا ہو رہا ہے۔ چاہے وہ خلافتِ اولیٰ کا دَور تھا جس میں بیرونی مخالفتوں کے علاوہ اندرونی فتنوں نے بھی سر اُٹھانا شروع کر دیا تھا۔ یا خلافت ثانیہ کا دَور تھا جس میں انتخابِ خلافت سے لے کر تقریباً آخر تک جو خلافتِ ثانیہ کا زمانہ تھا، مختلف فتنے اندرونی طور پر بھی اُٹھتے رہے۔ جماعت کا ایک حصہ علیحدہ بھی ہوا۔ پھر بیرونی مخالفتوں نے بھی شدید حملوں کی صورت اختیار کر لی لیکن جماعت کی ترقی کے قدم نہیں رُکے۔ پھر خلافتِ ثالثہ میں بھی بیرونی حملوں کی شدت اور بعض اندرونی فتنوں نے سر اُٹھایا لیکن جماعت ترقی کرتی چلی گئی۔ اور جماعت کو خلافتِ احمدیہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آگے ہی بڑھاتی رہی۔ پھر خلافتِ رابعہ کا دور آیا تو دشمن نے ایسا بھرپور وار کیا کہ اُس کے خیال میں اُس نے جماعت کو ختم کرنے کے لئے ایسا پکا ہاتھ ڈالا تھا کہ اُس سے بچنا ناممکن تھا، کوئی راہِ فرار نہیں تھی۔ لیکن پھر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ اپنی شان کے ساتھ پورے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور ظاہر کرے گا اور وہ ہوئی۔ اور اُس زبردست قدرت نے اُن مخالفین کی خاک اُڑا دی۔

پھر خلافتِ خامسہ کا دَور ہے۔ اِس میں بھی حسد کی آگ اور مخالفت نے شدت اختیار کر لی۔ کمزور اور نہتے احمدیوں پر ظالمانہ حملے کر کے خون کی ایسی ظالمانہ ہولی کھیلی گئی جنہیں دیکھ کر یہ فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ یہ انسانوں کا کام ہے یا جانوروں سے بھی بدتر کسی مخلوق کا کام ہے۔ پھر اندرونی طور پر جماعت کے ہمدرد بن کر جماعت کے اندر افتراق پیدا کرنے کی بھی بعض جگہ کوششیں ہوتی رہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق، اللہ تعالیٰ کی تائید یافتہ خلافت کی زبردست قدرت اس کا مقابلہ کرتی رہی اور کر رہی ہے بلکہ اللہ تعالیٰ ہی اس کا مقابلہ کر رہا ہے۔ میں تو ایک کمزور ناکارہ انسان ہوں۔ میری کوئی حیثیت نہیں لیکن خلافتِ احمدیہ کو اُس خدا کی تائید و نصرت

حاصل ہے جو قادر و توانا اور سب طاقتوں کا سرچشمہ ہے۔ اور اُس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی وعدہ کیا ہے کہ میں زبردست قدرت دکھاؤں گا۔ اور وہ دکھا رہا ہے اور دکھائے گا۔ اور دشمن ہمیشہ اپنی چالاکیوں، اپنی ہوشیاریوں، اپنے حملوں میں خائب و خاسر ہوتا چلا جائے گا اور ہو رہا ہے۔ آج کل دشمن نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے لئے الیکٹرانک میڈیا، انٹرنیٹ وغیرہ کے جو بھی مختلف ذرائع ہیں، اُن کو استعمال کرنے کی کوشش کی ہے۔ تو خلافت کی رہنمائی میں دنیا کے ہر ملک میں اللہ تعالیٰ نے نوجوانوں کی ایک ایسی فوج حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا فرما دی ہے جو حضرت طلحہ کا کردار ادا کر رہے ہیں اور دشمن کے سامنے سینہ تان کر کھڑے ہیں۔ بلکہ ایسے ایسے جواب دے رہے ہیں کہ بے اختیار اللہ تعالیٰ کی حمد دل میں پیدا ہوتی ہے اور اُس کے وعدوں پر یقین اور ایمان بڑھتا چلا جاتا ہے۔

(خطبہ جمعہ 27/ مئی 2011ء، الفضل انٹرنیشنل 17/ جون 2011ء صفحہ 8،7)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس تعلق میں فرماتے ہیں کہ

''پس آج 97 سال گزرنے کے بعد جماعت احمدیہ کا ہر بچہ، جوان، بوڑھا، مرد اور عورت اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی اس بارے میں فعلی شہادت گزشتہ 97 سال سے پوری ہوتی دیکھی ہے اور دیکھ رہا ہوں۔ اور نہ صرف احمدی بلکہ غیر از جماعت بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ گزشتہ مثالیں تو بہت ساری ہیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کے بعد، پھر حضرت خلیفہ اولؓ کی وفات کے بعد، پھر حضرت مصلح موعودؓ کی وفات کے بعد۔ لیکن جیسے کہ میں پہلے بھی ایک دفعہ بتا چکا ہوں کہ خلافت خامسہ کے انتخاب کی کارروائی دیکھ کر، جو ایم ٹی اے پر دکھائی گئی تھی، مخالفین نے یہ اعتراف کیا کہ تمہارے سچے ہونے کا تو ہمیں پتہ نہیں لیکن یہ بہرحال پتہ لگ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت تمہارے ساتھ ہے۔ تو بہرحال یہ اللہ تعالیٰ کا جماعت احمدیہ پر بہت بڑا احسان ہے اور اس کی نعمت ہے جس کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے۔ اور یہ شکر ہی ہے جو اس نعمت کو مزید بڑھاتا چلا جائے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَئِنۡ شَکَرۡتُمۡ لَاَزِیۡدَنَّکُمۡ یعنی اگر تم شکر گزار بنے رہو تو میں اور بھی زیادہ دوں گا۔ اس نعمت کے جو افضال ہیں ان سے میں تمہیں بھرتا چلا جاؤں گا۔''

(خطبہ جمعہ 27/ مئی 2005ء الفضل انٹرنیشنل 10/ جون 2005ء صفحہ 5)

خلیفۃ المسیح بحیثیت راھنما

سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ

نمازوں کے قیام کی ایک بڑی اعلیٰ تشریح اور وضاحت حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس طرح فرمائی ہے کہ صلوٰۃ کا بہترین حصہ جمعہ ہے جس میں امام خطبہ پڑھتا ہے اور نصائح کرتا ہے۔ اور خلیفہ وقت دنیا کے حالات دیکھتے ہوئے دنیا کی مختلف قوموں کی وقتاً فوقتاً اُٹھتی ہوئی اور پیدا ہوتی ہوئی ضروریات کے پیشِ نظر نصائح کرتا ہے جس سے قومی وحدت اور یکجہتی پیدا ہوتی ہے۔ سب کا قبلہ ایک طرف رکھتا ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی اصل تصویر ہمارے سامنے ہے۔ اور جماعت احمدیہ میں یہ تصویر ہمیں نظر آتی ہے۔ جبکہ خلیفہ وقت کا خطبہ بیک وقت دنیا کے تمام کونوں میں سُنا جا رہا ہوتا ہے۔ اور مختلف مزاج اور ضروریات کے مطابق بات ہوتی ہے۔ میں جب خطبہ دیتا ہوں، جب نوٹس لیتا ہوں تو اُس وقت صرف آپ جو میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، وہی مدّ نظر نہیں ہوتے۔ بلکہ کوشش یہ ہوتی ہے کہ دنیا کے مختلف ممالک کی جو مجھے رپورٹس آتی ہیں اُن کو سامنے رکھتے ہوئے کبھی زیادہ زور یورپ کے حالات کے مطابق خطبہ

میں ہو۔ کبھی ایشیا کے کسی ملک کے حالات کے مطابق ہو یا عمومی طور پر اُن کے حالات کے مطابق ہو۔ کبھی افریقہ کے مطابق ہو۔ کبھی جزائر کے مطابق ہو۔ لیکن اسلام چونکہ ایک بین الاقوامی مذہب ہے اس لئے ہر بات جو بیان ہو رہی ہوتی ہے وہ ہر ملک اور ہر طبقے کے احمدیوں کے لئے نصیحت کا رنگ رکھتی ہے۔ چاہے کسی کو بھی مدّنظر رکھ کر بات کی جارہی ہو کچھ نہ کچھ پہلو اُن کے اپنے بھی اُس میں موجود ہوتے ہیں۔ مجھے خطبے کے بعد دنیا کے مختلف ممالک سے خط بھی آتے ہیں، روس کی ریاستوں کے مقامی باشندوں کی طرف سے بھی آتے ہیں، افریقہ کے مقامی باشندوں کی طرف سے بھی آتے ہیں اور دوسرے ممالک کے مقامی باشندوں کی طرف سے بھی آتے ہیں اور یہ اظہار ہوتا ہے کہ یوں لگتا ہے یہ خطبہ جیسے ہمارے لئے ہے۔ بہر حال اقامت صلوٰۃ کی ایک تشریح یہ بھی ہے جو خلافت کے ذریعہ سے آج دنیائے احمدیت میں جاری ہے۔

پھر زکوٰۃ کی ادائیگی ہے یا تزکیہ اموال ہے، جس میں زکوۃ بھی ہے اور باقی مالی قربانیاں بھی ہیں۔ یہ بھی آج ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں صرف جماعت احمدیہ کے ذریعے سے ہی جاری ہے اور خلیفۂ وقت کی ہدایت کے ماتحت دنیا میں چندے کے نظام کے ذریعے سے افرادِ جماعت اور جماعتوں کی ضروریات پوری ہو رہی ہوتی ہیں۔ ایک مُلک میں اگر کمی ہے تو دوسرے ملک کی مدد سے اُس کمی کو پورا کیا جاتا ہے۔ ایک جگہ اگر زیادہ مالی کشائش ہے تو غریب ملکوں کی تبلیغ کی، اشاعتِ لٹریچر کی، مساجد کی تعمیر کی جو ضروریات ہیں وہ اَور مختلف طریقوں سے پوری کی جاتی ہیں۔ تو یہ ایک نظام ہے جو خلیفۂ وقت کے تحت چل رہا ہوتا ہے۔ کہیں غریبوں کی ضروریات پوری ہو رہی ہوتی ہیں۔ کہیں طبی ضروریات پوری ہو رہی ہوتی ہیں۔ کہیں تعلیمی ضروریات پوری کی جارہی ہوتی ہیں۔ کہیں تبلیغِ اسلام کی ضروریات پوری ہو رہی ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو نظامِ وصیت اور نظامِ خلافت کو اکٹھا بیان فرمایا ہے تو اس میں ان تمام ضروریات کو پورا کرنے کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ اور پھر لوگ جو چندہ دیتے ہیں وہ خلافت کے نظام کی وجہ سے اس اعتماد پر بھی قائم ہیں کہ اُن کا چندہ فضولیات میں ضائع نہیں ہوگا بلکہ ایک نیک مقصد کے لئے استعمال ہوگا۔ بلکہ غیراز جماعت بھی یہ اعتماد رکھتے ہیں کہ اگر ہم زکوٰۃ احمدیوں کو دیں تو اِس کا صحیح مصرف ہوگا۔ گھانا میں مجھے کئی لوگ اپنی فصلوں کی زکوٰۃ دے کر جایا کرتے تھے کہ آپ صحیح استعمال کریں گے یا وہاں مشن میں جمع کرا دیا کرتے تھے۔ کئی زمیندار میرے واقف تھے وہ جنس کی صورت میں مجھے دے جایا کرتے تھے کہ آپ جمع کروا دیں۔ کیونکہ وہ کہتے تھے کہ ہم اگر یہ زکوٰۃ اپنے مولویوں کو دیں گے، اماموں کو دیں گے تو وہ کھا جائیں گے اور اس کا صحیح استعمال نہیں ہوگا۔ بلکہ آج بھی مختلف جگہوں سے مجھے جماعتوں کی طرف سے یہ خط آتے ہیں کہ غیراز جماعت زکوٰۃ یا صدقہ دینا چاہتے ہیں تو اس بارے میں کیا ہدایت ہے۔ جہاں تک زکوٰۃ اور صدقات کا تعلق ہے جماعت اُن کو لے سکتی ہے اور لیتی ہے لیکن دوسرے طوعی اور لازمی چندے جو ہیں وہ صرف احمدیوں سے لئے جاتے ہیں۔ بہر حال زکوٰۃ کا نظام بھی خلافت کے نظام سے وابستہ ہے۔

(خطبہ جمعہ 27/ مئی 2011ء، الفضل انٹرنیشنل 17/ جون 2011ء صفحہ 6،7)

فتنہ کے بعد برکات

دوسری قدرت کے قائم ہونے میں یہ جو فتنہ پردازوں نے فتنہ ڈالنے کی کوشش کی تھی اسے اللہ تعالیٰ نے ناکام و نامراد کر دیا اور خلافت علی منہاج نبوت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی وفات کے بعد دوسری مرتبہ پھر قائم فرما دی اور جو خلافت سے دور ہٹے ہوئے تھے وہ بڑے دینی عالم بھی تھے، دنیاوی عالم بھی تھے، پڑھے لکھے بھی تھے، تجربہ کار بھی تھے،

صاحب ثروت وحیثیت بھی تھے، انجمن کے تمام خزانے کو بھی اپنے قبضے میں کئے ہوئے تھے لیکن وہ لوگ ناکام و نامراد ہی ہو تے گئے۔مولوی محمد علی خلافت ثانیہ کے انتخاب کے بعد نہ صرف وہاں سے، قادیان سے چلے گئے بلکہ ان غیر مبائعین نے نظام خلافت کو ختم کرنے کے لئے بعد میں بھی بڑی فتنہ پردازیاں جاری رکھیں۔ لیکن ہمیشہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ کیوں؟ اس لئے کہ خدا تعالیٰ کا وعدہ خلافت کے نظام کو جاری رکھنے کا تھا۔ جب یہ لوگ ہر طرح سے ناکام ہو کر قادیان چھوڑ کر جا رہے تھے اور خزانہ بھی بالکل خالی کر گئے تھے۔ جاتے ہوئے تعلیم الاسلام سکول کی عمارت کی طرف اشارہ کر کے کہہ رہے تھے کہ دس سال نہیں گزریں گے کہ ان عمارتوں پر آریوں اور عیسائیوں کا قبضہ ہو گا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ

لیکن دیکھیں اللہ تعالیٰ کس شان سے اپنے وعدے پورے فرماتا ہے۔ کس طرح اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو پورا کرتا ہے۔ کس طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ذریعہ دی گئی خوشخبری کو نہ صرف پورا فرماتا ہے بلکہ آج تک ہر روز ایک نئی شان سے پورا فرماتا چلا جارہا ہے۔ وہ دس سال کی بات کرتے تھے کہ اس سے پہلے ہی آریہ اور عیسائی یہاں قبضہ کرلیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کے کاموں کی اپنی شان ہے۔ وہ دس سال بھی گزر گئے اور اس کے بعد بھی کئی دہائیاں گزر گئیں اور آج اس بات کو 101سال ہو گئے ہیں لیکن نہ صرف انتہائی نامساعد حالات کے باوجود قادیان ترقی کر رہا ہے جس میں پارٹیشن کا واقعہ بھی شامل ہے جب جماعت کو وہاں سے نکلنا پڑا اور صرف چند سو درویشوں کو وہاں درویشی کی زندگی گزارنے کے لئے چھوڑ دیا گیا۔ اور اب تو قادیان میں نئی سے نئی جدید عمارتیں تعمیر ہو رہی ہیں۔ ایک سکول پر قبضہ کرنے کی بات کرتے تھے۔ کئی کروڑ روپے کی لاگت سے نئے سکول بن رہے ہیں۔ تبلیغ کے کام بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہاں بہت وسعت اختیار کر چکے ہیں اور پھر قادیان ہی نہیں دنیا کے بہت سے ممالک میں خلافت احمدیہ کے ساتھ وابستہ جماعت کی کئی کئی منزلہ عمارتیں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کا ثبوت دے رہی ہیں۔ دنیا کے ہر مذہب کے افراد تک اسلام کی خوبصورت تعلیم پہنچ رہی ہے۔ پس یہ تائید ہے اللہ تعالیٰ کی خلافت احمدیہ کے ساتھ جس کے نظارے ہم روز دیکھ رہے ہیں۔ جرمنی بھی ان فیوض سے خالی نہیں ہے جو خلافت احمدیہ سے جڑنے والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ پہنچا رہا ہے۔ ابھی چند دن پہلے جماعت جرمنی کی دو ذیلی تنظیموں انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ نے مل کر پانچ منزلہ عمارت خریدی جو ایک اعشاریہ سات ملین یا سترہ لاکھ یورو کی خریدی گئی۔ وہ خزانہ جس میں خلافت کے مخالفین نے ایک روپے سے بھی کم رقم چھوڑی تھی اور ہنستے تھے کہ دیکھیں اب کس طرح نظام چلے گا۔ اس خلافت سے وابستہ ایک ملک کی دو ذیلی تنظیموں نے آج ایک پانچ منزلہ وسیع عمارت تقریباً انیس کروڑ روپے سے بھی زیادہ مالیت خرچ کر کے خریدی ہے۔ اب یہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور خلافت احمدیہ کی تائید نہیں تو اور کیا ہے۔ جو خلافت سے علیحدہ ہوئے ان کا مرکزی نظام بھی درہم برہم ہو گیا۔ ان کے نیک فطرت اس وقت بھی جب ان کو احساس ہوا اور آج بھی جب ان کو یا ان کی نسلوں کو احساس ہوتا ہے تو ان میں سے بھی جماعت احمدیہ مبائعین میں شامل ہو رہے ہیں اور خلافت کے جھنڈے تلے آرہے ہیں۔ پھر آج دنیا میں تبلیغ اسلام کا کام خلافت احمدیہ کے نظام کے تحت ہی ہو رہا ہے۔ جب دنیا میں اسلام کا نام بدنام کیا جا رہا ہے تو اسلام کی خوبصورت تصویر جماعت احمدیہ ہی دکھا رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ خود بھی خلافت احمدیہ کی سچائی دنیا پر ثابت کر رہا

ہے۔بعض واقعات حیرت انگیز ہوتے ہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ لوگوں کو جماعت کی سچائی کے ساتھ خلافت کے ساتھ اپنی تائید و نصرت کے بارے میں بھی بتاتا ہے۔صرف جماعت احمدیہ کی سچائی ہی نہیں بلکہ خلافت کے ساتھ بھی جو تائید و نصرت اللہ تعالیٰ دکھا رہا ہے وہ بھی غیروں کو دکھاتا ہے اور یوں سعید فطرتوں کے سینے کھولتا ہے۔ ایک دو باتوں کا، واقعات کا مَیں یہاں ذکر کر دیتا ہوں۔ نائیجر افریقہ کا ایک ملک ہے وہاں کے ہمارے مبلغ نے لکھا کہ نومبائعین کی ٹریننگ کلاس میں دس امام حضرات کے ساتھ ساتھ ایک گاؤں ووگونہ (Ougna) کے چیف بھی حاضر ہوگئے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ امام صاحب کے بجائے آپ خود کیوں آ گئے ہیں؟ یہ کلاس تو امام حضرات کی ٹریننگ کے لئے ہے تو انہوں نے بتایا کہ مَیں جانتا ہوں کہ یہ اماموں کی کلاس ہے لیکن کل رات جب میں نے امام صاحب کو کلاس میں شامل ہونے کا پیغام دیا تو اس نے انکار کر دیا اور بتایا کہ مجھے شہر کے سنّی علماء جو وہابی تھے انہوں نے بتایا ہے کہ احمدی کافر ہیں۔ یہ چیف کہتے ہیں کہ مجھے بڑی حیرانی ہوئی اور دکھ بھی ہوا کہ احمدی کافر کیسے ہو سکتے ہیں اور یہ کہ اگر یہ کافر ہیں تو ان کو گاؤں میں تبلیغ کرنے کی اجازت تو بحیثیت چیف میں نے دی ہے۔ اس لئے میں تو دوگنا کافر ہو گیا۔ اس لئے میں نے رات کو بہت دعا کی۔ لوگ کہتے ہیں کہ افریقہ کے رہنے والے اَن پڑھ لوگ ہیں، عقل نہیں۔ گاؤں میں رہنے والے یہ چیف زیادہ پڑھے لکھے بھی نہیں ہوں گے لیکن اللہ تعالیٰ کا خوف تھا سعید فطرت ہیں۔ کہتے ہیں میں نے رات بہت دعا کی اور اللہ تعالیٰ سے رہنمائی کی دعا کرتے کرتے سو گیا۔ اس بات کی بڑے بڑے علما کو سمجھ نہیں آتی۔ پھر انہوں نے حلفیہ بیان دیا کہ رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے گھر میں پہلے آسمان سے ستارے اتر آئے ہیں اور پھر ان کے پیچھے پیچھے چاند۔ میں ان کو پاس سے دیکھ رہا ہوں مگر ان میں روشنی نہیں ہے اور پھر اچانک آسمان سے ایک سفید کپڑوں میں ملبوس شخصیت میرے گھر میں اترتی ہے اور اس گھر میں داخل ہوتے ہی یعنی اس شخص کے داخل ہوتے ہی ستارے اور چاند حیرت انگیز طور پر روشن ہو گئے اور سارا گھر روشنیوں سے جگمگا اٹھا اور میرے دل میں یہ بات زور سے داخل ہوگئی کہ یہ تو احمدیوں کی کوئی شخصیت ہے اور میں آگے بڑھ کر اسے سوال کرتا ہوں کہ آپ احمدیوں کے مربی ہیں یا خلیفہ۔ اَور میری آنکھ کھل گئی۔مربی صاحب نے ان کو تصویریں دکھائیں۔ البم دکھایا تو انہوں نے فوری طور پر اپنی انگلی میری تصویر پہ رکھ کر کہا اور بار بار قسمیں کھا کر کہا کہ انہی کو میں نے اپنے گھر میں آسمان سے اترتے دیکھا تھا اور انہی کی آمد سے میرا گھر روشن ہو گیا تھا۔

پھر گیمبیا سے امیر صاحب لکھتے ہیں کہ سامبابا ین (Samba Mbayen) ایک گاؤں ہے۔ جب وہاں تبلیغ کی گئی تو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کے بارے میں بتایا گیا اور آپ کی جماعت میں شامل ہونے کے لئے شرائط بیعت پڑھ کر سنائی گئیں تو گاؤں کے امام اور گاؤں کی ترقیاتی کمیٹی کے چیئرمین نے برجستہ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام مہدی کی آمد کی پیشگوئی فرمائی تھی اور آج وہ پہلی مرتبہ امام مہدی کی آمد کا سن رہے ہیں اور جب سے احمدیت کو دیکھا ہے بہت متأثر ہیں۔ پھر کہنے لگے کہ صرف احمدی ہی حقیقی مسلمان ہیں کیونکہ ان کے پاس خلافت کی طاقت ہے جو سب کو ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہے۔ اور جب ان کو میرے بارے میں انہوں نے بتایا، تصویر دکھائی تو کہنے لگے کہ ہم اسے دیکھتے ہیں اور اس شخص کو مَیں روز ٹی وی پر دیکھتا ہوں اور پھر سارے افراد نے جو تقریباً تین سو پچاس کے قریب تھے بیعت کر کے احمدیت میں شمولیت اختیار کر لی۔ جب انہوں نے قرآن کریم کا ترجمہ تین مقامی زبانوں میں دیکھا تو کہا کہ احمدیت ہی سچا اسلام ہے۔ کسی اور

فرقے کو یہ سعادت نصیب نہیں ہوئی جیسا کہ احمدی کر رہے ہیں اور آخر پر کہا کہ وہ ان شاء اللہ تعالیٰ احمدیت پر قائم رہیں گے اور پیچھے نہیں ہٹیں گے کیونکہ سچا اسلام تو یہی ہے اور دوسرے مولوی ہمیں دھوکہ دیتے ہیں۔ پھر اب اسی دورے میں آخن (Aachen) کی اس مسجد کے افتتاح کے موقع پر اور ہناؤ (Hanau) کی مسجد کے افتتاح کے موقع پر مقامی لوگوں نے جو مختلف طبقات کے تھے، سیاستدان بھی تھے، کاروباری بھی تھے، ٹیچر بھی تھے اور دوسرے پڑھے ہوئے لوگ بھی تھے۔ مرد بھی تھے اور عورتیں بھی تھیں۔ ان میں سے بہت سوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ایک نے کہا کہ میری بہت سے احمدیوں سے واقفیت ہے اور احمدیت کے بارے میں مَیں سمجھتی تھی کہ بہت سمجھتی ہوں اور مجھے اس واقفیت کی وجہ سے بہت کچھ پتا ہے لیکن کہنے والے کو انہوں نے کہا کہ جو تمہارے خلیفہ کی باتیں سن کر مجھ پر اثر ہوا ہے وہ پہلے نہیں ہوا۔ مجھے اسلام کے متعلق حقیقت اب صحیح طور پر پتا چلی ہے جو دل میں اتری ہے۔ تو یہ فضل ہیں اللہ تعالیٰ کے جو خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ مَیں تو ایک عاجز انسان ہوں۔ اپنی حالت کا مجھے علم ہے میری کوئی خوبی نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے خلافت سے تائید کا وعدہ فرمایا ہے، نصرت کا وعدہ فرمایا ہے اور خدا تعالیٰ یقیناً سچے وعدوں والا ہے وہ ہمیشہ خلافت کی تائید و نصرت فرماتا رہا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی فرماتا رہے گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ

مَیں تو ایک عاجز انسان ہوں۔ اپنی حالت کا مجھے علم ہے میری کوئی خوبی نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے خلافت سے تائید کا وعدہ فرمایا ہے، نصرت کا وعدہ فرمایا ہے اور خدا تعالیٰ یقیناً سچے وعدوں والا ہے وہ ہمیشہ خلافت کی تائید و نصرت فرماتا رہا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی فرماتا رہے گا۔

(خطبہ جمعہ 29/ مئی 2015ء, الفضل انٹرنیشنل 19/ جون 2015ء صفحہ 7)

خلافت کی برکات سے فائدہ کیسے اٹھا سکتے ہیں اس طرف خود سیدنا حضرت امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیان فرماتے ہیں کہ

پس اس دنیا میں جہاں انسان کی مختلف ترجیحات ہیں اور خاص طور پر ان ترقی یافتہ ممالک میں جہاں مادیت کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔ ان مادیت کی چیزوں کو بعض لوگوں نے خدا تعالیٰ کے احکامات پر ترجیح دینی شروع کر دی ہے یا دیتے ہیں۔ دنیاوی فائدہ کے اٹھانے کے لئے غلط بیانی اور جھوٹ سے بھی کام لیتے ہیں۔ یہ بھی ایک قسم کا شرک ہے۔ پس ایسے لوگ خلافت سے صحیح فیضیاب نہیں ہو سکتے۔۔۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یہ لوگ ہماری طرف منسوب ہو کر ہمیں بدنام کرنے والے ہیں۔ پس جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے نام کو بدنام کرنے والے ہیں تو انہوں نے پھر آپ کی جاری خلافت کے فیض سے کیا حصہ لینا ہے۔ پس ایسے لوگوں کو اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کام کرنے والوں اور عہدیداروں سے بھی میں یہی کہتا ہوں کہ یہ برکت جو آپ کے کام میں ہے یا جو آپ کو اللہ تعالیٰ کام کی توفیق دے رہا ہے یہ صرف اور صرف خلافت سے وابستگی میں ہے۔ اس سے علیحدہ ہو کر کوئی ایک کوڑی کا بھی کام نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی بعض کاموں کے اچھے نتائج کو دنیاوی علم اور عقل اور محنت کی وجہ سمجھتا ہے تو یہ محض اس کی خوش فہمی ہے۔ دین کے نام پر کئے جانے والے کام میں خلافت سے علیحدہ ہو کر ایک ذرّہ کی بھی برکت نہیں پڑے گی۔ جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ علیحدہ ہونے والوں نے نتیجہ دیکھ لیا۔ روز بروز ان کی تعداد کم ہو رہی ہے۔ ان کی مرکزیت

ختم ہو رہی ہے۔ ان کا نظام بے سہارا ہو رہا ہے۔ پس یہ خلافت کے ساتھ محبت اور اطاعت ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کر رہی ہے اور بہتر نتائج نکل رہے ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا قائم کردہ نظام ہے اس لئے دین کی ترقی کے لئے ہر کوشش کو اس نے خلافت سے وابستہ کر دیا۔

پس اگر کسی عہدیدار کے دل میں کبھی مَیں آئے یا خود پسندی پیدا ہو تو اسے استغفار کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔ پس جماعت احمدیہ کی ترقی میں نہ علماء کی علمیت کام دے رہی ہے، نہ عقلمند کی عقل کام دے رہی ہے، نہ دنیاوی علم رکھنے والے کا علم و ہنر کام دے رہا ہے۔ اگر کسی دینی علم رکھنے والے، اگر کسی عقلمند کی عقل، اگر کسی دنیاوی علم والے کی علمیت، اگر ماہرین کے ہنر جماعت کے کاموں میں غیر معمولی نتائج پیدا کر رہے ہیں تو یہ محض اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور خلافت کے ساتھ وابستہ رہنے کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ اس وابستگی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا ان نتائج کا وعدہ ہے اور اس لئے وہ عطا فرما رہا ہے۔ دنیا داروں میں یا دنیاداری میں بیشک علم عقل اور ہنر کام دے سکتا ہے لیکن جماعت میں رہنے والے کو بہرحال بہترین نتائج کے لئے جماعتی کاموں میں خاص طور پر اپنے آپ کو خلافت کا تابع فرمان کرنا ہوگا۔

(خطبہ جمعہ 29/ مئی 2015ء، الفضل انٹرنیشنل 19/ جون 2015ء صفحہ 7)

اللہ تعالیٰ مجھے، افراد جماعت، علمائے سلسلہ اور عہدیداران کو یہ توفیق دے کہ خلیفہ کی باتوں کو سننے والے اور اس پر عمل کرنے والے بھی ہوں۔ ہم صرف وفا کا اظہار کر کے اپنے آپ کو فرض ادا کرنے والے نہ سمجھیں۔ اللہ کرے کہ ہم احمدی اللہ تعالیٰ کی منشا کے مطابق خلافت کے انعام کو سنبھالنے والے ہوں اور امام وقت کی ہر آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس پر کماحقہ عمل پیرا ہوں اللہ تعالیٰ اس کی ہمیں توفیق عطا کرے۔ آمین





شیخ سعدی شیرازی

سعدی فارسی ادبیات کے شہرہ آفاق ہستیوں میں سے ہیں۔انہوں نے فارسی نظم ونثر دونوں میں بلند پایا تخلیقات کا اضافہ کیا اور فارسی زبان کو فصاحت کے درجے کمال پر پہنچایا۔

سعدی کا پورا نام مشرف الدین مصلح بن عبد اللہ سعدی شیرازی تھا اور وہ شیخ سعدی اور سعدی شیرازی دونوں ناموں سے مشہور تھے۔

اپنی عمر کا زیادہ تر حصہ انہوں نے سفر و سیاحت میں گزارا۔ چنانچہ وہ تقریبا ۳۰ -۴۰ سال تک بغداد شام اور مکہ سے لے کر شمالی افریقہ تک گھومتے پھرتے رہے۔

مختلف انسانی طبقات سے ربط پیدا کرنے اور وسیع تجربات حاصل کے بعد وہ شیراز واپس ہوئے تو تصنیف وتالیف کا کام شروع کر دیا۔

